## راجیہ سبھا کی رکن آنجہانی نرملا دیش پانڈے کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔یکم مئی 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بھارت کی راجیہ سبھا کی سینئر رکن اور ممتاز و بزرگ سماجی رہنماء محترمہ نرملا دیش پانڈے کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان جناب الطاف حسین نے کہا کہ آنجہانی نرملا دیش پانڈے کی سیاسی اور سماجی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاک بھارت دوستی کیلئے آنجہانی نرملا دیش پانڈے کا عملی کردار ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ آنجہانی نرملا دیش پانڈے کے انتقال پر ان کے سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے مختلف اداروں کے یونٹوں کی تنظیم نو

کراچی۔۔۔یکم مئی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی تنظیم نو کے سلسلے میں مختلف سرکاری اور نیم سرکاری اداروں میں لیبر ڈویژن کے یونٹوں کے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کردیا ہے۔یہ اعلان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین شاہد لطیف اور اشفاق منگی نے گزشتہ روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ لیبر ڈویژن کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی کے ارکان اور مختلف یونٹوں کے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تنظیم نو کے سلسلے میں رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن پاکستان اسٹیل ملز یونٹ، کراچی واٹر بورڈ، ہمدرد، سندھ سوشل سیکورٹی، بلدیات ایجوکشن، گلبرگ ٹاؤن، لیاقت آباد ٹاؤن، نیو کراچی ٹاؤن، کورنگی ٹاؤن، شاہ فیصل کالونی ٹاؤن، نارتھ ناظم آباد ٹاؤن، سندھ کچی آبادی اور سینٹرل ایکسائز اینڈ سیلز ٹیکس یونٹ کے ذمہ داران کا اعلان کیا گیا۔اس موقع پر ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی اور دیگر اراکین بھی موجود تھے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف نے کہا کہ لیبر ڈویژن متحدہ قومی موومنٹ کا وہ شعبہ ہے جس نے ہر کڑے اور کٹھن وقت میں تحریک کیلئے نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔انہوں نے نومنتخب ذمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے محکموں میں محنت کشوں کے مسائل کے حل اور ایم کیوایم کے فکر و فلسفہ کے فروغ کیلئے بھرپور کردار ادا کریں۔قبل ازیں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی نے لیبر ڈویژن کے نومنتخب ذمہ داران کو مبارکباد پیش کی۔

## متحدہ قومی موومنٹ اور پیپلز پارٹی کے درمیان اتحاد ترقی وخوشحالی اور امن وامان کی ضمانت ہے

## ایم کیوایم اور پی پی پی میں اتحاد کی خبر سندھ سمیت ملک بھر میں خوشی اور اطمینان کے ساتھ سنی گئی

## سندھ سمیت ملک بھر میں اہم پالیسی فیصلوں میں دونوں جماعتوں کا کردار بہت اہمیت کا حامل ہے

## مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن اور نائن زیرو پر پیغامات

کراچی۔۔۔یکم مئی 2008ء۔۔۔مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے متحدہ قومی موومنٹ اور پیپلز پارٹی کے درمیان اتحاد کو ترقی وخوشحالی اور امن وامان کی بحالی کی ضمانت قرار دیا ہے۔ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی کے درمیان اتحاد کی خبر سندھ سمیت ملک بھر میں خوشی اور اطمینان کے ساتھ سنی گئی اور اس اتحاد کو سندھ کی ترقی وخوشحالی، امن وامان کے فروغ اور ملک وقوم کے بہتر مستقبل کیلئے سنگ میل قرار دیا ہے۔تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی کے درمیان اتحاد کی خبر میڈیا کے ذریعے نشر ہوتے ہی ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ اور ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک سے ٹیلی فون، فیکس اور ای میل کے ذریعے مبارکباد کے پیغامات کا تانتا بندھ گیا۔تہنیتی پیغامات بھیجنے والوں میں مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں، علمائے کرام، سماجی، صنعتی، تجارتی، کاروباری شخصیات، ڈاکٹرز، انجینئرز، شعرائے کرام، دانشور، ادیب اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہیں۔اپنے پیغامات میں انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی سندھ کی پہلی اور متحدہ قومی موومنٹ دوسری بڑی سیاسی جماعت ہے اور سندھ سمیت ملک بھر میں اہم پالیسی فیصلوں میں ان دونوں جماعتوں کا کردار بہت اہمیت کا حامل ہے۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور متحدہ قومی موومنٹ کے درمیان اتحاد کی مخالفت کرنے والے سندھ دھرتی سے ہرگز مخلص نہیں ہیں اور وہ ملک میں جمہوریت کو پھلتا پھولتا نہیں دیکھنا چاہتے۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور متحدہ قومی موومنٹ کا اتحاد فطری ہے اور دونوں جماعتوں کو سندھ اور اس کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے مل جل کر کام کرنا چاہئے۔انہوں نے اپنے پیغامات میں دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پیپلز پارٹی اور متحدہ قومی موومنٹ کے اس اتحاد کو نظر بد سے بچائے اور اس اتحاد کے خلاف گھناؤنی سازشوں میں مصروف سازشی عناصر کو اپنے مذموم عزائم میں ناکام کرے۔

## ایم کیوایم کے سابق چیئرمین عظیم احمد طارق شہید کی 15 ویں برسی نائن زیرو پر عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی

## رابطہ کمیٹی، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، ونگز وشعبہ جات اور کارکنان کی کثیر تعداد میں شرکت

کراچی ۔۔۔یکم، مئی 2008ء۔۔۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام ایم کیوایم کے سابق چیئرمین عظیم احمد طارق شہید کی 15 ویں برسی انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ برسی کے سلسلے میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں بعد نماز عصر تا مغفرت قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔ برسی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین رابطہ کمیٹی نیک محمد، محترمہ خورشید افسر، ڈاکٹر عاصم رضا، اشفاق منگی، عادل صدیقی، آنسہ ممتاز انوار، بابر غوری، حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے اراکین، سیکٹر کمیٹیوں کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں اجتماع دعا کی گئی جس میں عظیم احمد طارق شہید سمیت تمام حق پرست شہداء کے بلند درجات، لواحقین کیلئے صبر جمیل، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

☆☆☆☆☆